© rasailojaraid.com



بنتِ امیر شریعت سیدہ ام کفیل مدظلہا

# مسافرانِ آخرت

**سید محمد سالم اندرابی انتقال کر گئے:** ۵، اپریل ۲۰۰۱ء (۱۰، محرم ۱۴۲۲ھ) کو بنگلہ دیش میں سید محمد سالمؒ اندرابی صاحب انتقال کر گئے۔ وہ حضرت امیر شریعتؒ کے سب سے بڑے ماموں سید علی ہاشم صاحب کے بڑے سے چھوٹے فرزند تھے۔ ریلوے میں ملازم تھے۔ پاکستان بننے پر پٹنہ (بہار) سے مشرقی پاکستان میں تبدیلی کرالی۔ سید پور، پاربتی پور اور آخر میں ایشرڈی میں ریلوے اکاؤنٹس آفس میں ملازمت کی۔ جب مکتی باہنی اور عوامی لیگ کے قائم کردہ بنگلہ دیش میں بہاریوں کا جینا دوبھر کر دیا گیا تو عزت بچانے کی خاطر اہلیہ اور بچوں کو انہوں نے کراچی بھیج دیا۔ یہاں کچھ سسرالی عزیز پہلے سے مقیم تھے۔ خود البتہ وہ نہیں آئے پتا نہیں کیوں؟ بچوں نے بہت منتیں بھی کیں۔ بڑا بیٹا سید محمد واسم اور اہلیہ چند برس قبل کراچی میں ہی انتقال کر گئیں۔ تین بیٹے سید محمد خاتم، سید محمد غانم، سید محمد ناعم اور دو بیٹیاں کراچی میں ہی مقیم ہیں۔ عاشورہ کے دن ان کا وہیں ایشرڈی (بنگلہ دیش) میں انتقال ہو گیا۔ احباب نے بچوں کو ٹیلیفون پر اطلاع دی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ نہ کبھی وہ پاکستان آئے، نہ ہم نے انہیں دیکھا، مگر اباجی کے ایک بھائی کی وفات پر دل ملول ہے، ان کے بچے نیک نامی کی زندگی گزار رہے ہیں اور ملتے رہتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کا حامی و ناصر ہو اور مرحوم و مغفور سے عفو و کرم اور رحمت و بخشش کا معاملہ فرمائیں (آمین)۔ مرحوم بہت خوش طبع اور خوش ذوق تھے۔ شعر بھی کہتے تھے۔ ایک دفعہ اباجی کو ایک نظم لکھ کر بھیجی جس کا مقطع تھا کہ

تم نرے مولوی رہے سالم ۔۔۔ چار سو بیس ہو گئی دنیا

**ملا محمد ربانی رحمۃ اللہ علیہ:** وزارتی کونسل افغانستان کے سربراہ ملا محمد ربانی ۱۶، اپریل ۲۰۰۱ء کو راولپنڈی کے ایک ہسپتال میں انتقال کر گئے مرحوم، جہادِ افغانستان کے ابتدائی مجاہدین میں سے تھے۔ امیر المؤمنین ملا محمد عمر مجاہد نے افغانستان میں اسلامی انقلاب کیلئے جہاد کا آغاز کیا تو وہ ان کے سب سے زیادہ قابلِ اعتماد اور دست راست تھے وہ طالبان حکومت کے ایک اہم ستون شمار ہوتے تھے۔ خون کے سرطان میں مبتلا ہوئے مگر طویل علالت ان کے فرائض منصبی میں رکاوٹ نہ بن سکی۔ انکی رحلت نہ صرف طالبان کیلئے صدمہ ہے۔ بلکہ عالم اسلام کے لئے بھی شدید غم اور صدمہ ہے اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے اور ان کی محنت و قربانی کو ثمر آور بنائے (آمین)

**مولانا عبدالستار خان نیازی رحمۃ اللہ علیہ:** بریلوی مکتبۂ فکر کے ممتاز رہنما اور جمعیت علماء پاکستان کے صدر مولانا عبدالستار خان نیازی ۲، مئی ۲۰۰۱ء کو میانوالی میں انتقال کر گئے مرحوم، دینی و دنیاوی تعلیم سے آراستہ ایک جری اور بہادر انسان تھے۔ آغازِ شباب میں مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن میں شامل ہوئے۔ حمید نظامی کے دوستوں میں سے تھے بانیٔ پاکستان کے عاشقوں اور حمید نظامی کے دوستوں میں ان کا شمار ہوتا تھا۔ تحریک پاکستان، تحریک تحفظ ختم نبوت ۱۹۵۳ء اور تحریک نظام مصطفیٰ ۱۹۷۷ء کے علاوہ پاکستان میں اسلام اور بنیادی حقوق کے حوالے سے اٹھنے والی تمام تحریکوں میں صف اوّل میں سرگرم رہے۔ مولانا شاہ احمد نورانی سے اختلاف ہوا تو جمعیت علماء پاکستان کا الگ دھڑا بنا لیا مگر آخری دنوں مولانا نورانی کو بھائی کہہ کر صلح کر لی۔

؎ حق مغفرت کرے عجب آزاد مرد تھا

**شیخ الحدیث حافظ محمد عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ:** مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان کے سرپرست اعلیٰ شیخ الحدیث مولانا محمد

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



عبداللہ (مہتمم جامعہ محمدیہ گوجرانوالہ) طویل علالت کے بعد ۲۸، اپریل ۲۰۰۱ء بروز ہفتہ صبح ۶ بجے، ۸۲ برس کی عمر میں گوجرانوالہ میں داعی اجل کو لبیک کہہ گئے۔ اہل حدیث مکتبۂ فکر کے ایک جید عالم، استاذ الحدیث اور نامور محقق تھے۔ اہل سنت کے تمام مکاتب فکر میں احترام کی نگاہ سے دیکھے جاتے تھے۔ تمام عمر قرآن وحدیث کی خدمت کی اور ہزاروں شاگرد بنائے۔ ان کے انتقال سے بلاشبہ ملک ایک جید عالم دین سے محروم ہوگیا ہے۔

**حضرت مولانا عبدالغفور صاحب رحمہ اللہ:** مدرسہ عربیہ عیدگاہ کے مہتمم اور ممتاز عالم دین، حضرت مولانا عبدالغفور صاحب ۲۸، مئی ۲۰۰۱ء بروز پیر انتقال فرما گئے۔

**حضرت نبی بخش مرحوم:** درگئی، مالاکنڈ ایجنسی صوبہ سرحد میں ہمارے دیرینہ رفیق ومہربان حضرت نبی بادشاہ ۹ مئی ۲۰۰۱ء کو انتقال کر گئے۔ مرحوم نے حضرت امیر شریعتؒ کی یاد میں تعلیم القرآن کا ایک مدرسہ بھی قائم کر رکھا تھا۔

**والدہ مرحومہ ڈاکٹر جمال الدین صاحب:** مجلس احرار اسلام راولپنڈی کے صدر ڈاکٹر جمال الدین محمد انور کی والدہ ماجدہ گزشتہ ماہ انتقال کر گئیں۔

**شیخ محمد اکرم لدھیانوی مرحوم:** مجلس احرار اسلام ملتان کے ناظم نشر واشاعت شیخ حسین اختر لدھیانوی کے چھوٹے بھائی شیخ محمد اکرم لدھیانوی ۲۶ اپریل ۲۰۰۱ء بروز جمعرات اوکاڑہ میں انتقال کر گئے۔ مرحوم ۱۹۷۴ء کی تحریک تحفظ ختم نبوت کے سلسلے میں ساہیوال جیل میں پابند سلاسل رہے۔ امیر احرار، حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری دامت برکاتہم نے مرحوم کے گھر جا کر اہل خانہ سے تعزیت کی اور صبرِ جمیل کی تلقین فرمائی۔

**جناب محمد بخش صاحب مرحوم:** صادق آباد سے ہمارے معاون اور مہربان جناب فضل الرحمٰن صاحب کے والد ماجد جناب محمد بخش صاحب ۴ مئی ۲۰۰۱ء بروز جمعۃ المبارک انتقال فرما گئے۔

**قاری کریم بخش صاحب کو صدمہ:** مدرسہ معمورہ، دار بنی ہاشم ملتان کے مدرس، محترم قاری کریم بخش صاحب کی والدہ ماجدہ ۲۹، اپریل ۲۰۰۱ء بروز اتوار، بستی ضبل والا (کہروڑپکا) میں انتقال کر گئیں۔

**حاجی محمد عبداللہ صاحب (پشاور) کو صدمہ:** پشاور میں ہمارے دیرینہ کرم فرما محترم حاجی محمد عبداللہ کے جواں سال فرزند عبدالحمید ۲۳، اپریل ۲۰۰۱ء کو انتقال کر گئے۔

**اہلیہ مرحومہ شیخ محمد یوسف (سیالکوٹ):** مجلس احرار اسلام کے مخلص اور قدیم کارکن محترم شیخ محمد یوسف کی اہلیہ ۱۹ جنوری ۲۰۰۱ء کو سیالکوٹ میں انتقال کر گئیں۔

**سیٹھ ماسٹر محمد اشرف مرحوم:** مجلس احرار اسلام ڈیرہ اسمٰعیل خان کے قدیم کارکن ماسٹر محمد اشرف صاحب گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



**محترم صوفی نذیر احمد کو صدمہ:** مجلس احرار اسلام ملتان کے صدر محترم صوفی شیخ نذیر احمد کے خالو شیخ رحمت اللہ صاحب ٹوبہ ٹیک سنگھ میں ۲۱ مئی ۲۰۰۱ء بروز پیر انتقال کر گئے۔

**شیخ بشیر احمد صاحب کو صدمہ:** مجلس احرار اسلام کے مخلص کارکن محترم شیخ نذیر احمد صاحب کے جواں سال بیٹے شیخ شبیر احمد ۲۷ مئی ۲۰۰۱ء بروز اتوار انتقال کر گئے۔

**والدہ مرحومہ ڈاکٹر سعید اختر لودھی:** ملتان میں ہمارے کرم فرما ڈاکٹر سعید اختر لودھی صاحب کی والدہ ماجدہ ۲۲ مئی ۲۰۰۱ء بروز منگل انتقال کر گئیں۔ ان کی نمازِ جنازہ سید محمد کفیل بخاری نے پڑھائی۔

**اہلیہ مرحومہ عبدالجبار صاحب:** ملتان میں ہمارے مہربان محترم عبدالجبار صاحب کی اہلیہ گزشتہ ماہ انتقال کر گئیں۔ ان کی اکلوتی بیٹی جامعہ بستانِ عائشہؓ، دارِ بنی ہاشم ملتان میں زیر تعلیم ہیں۔

**حافظ محمد نوید (متعلم مدرسہ معمورہ ملتان) کو صدمہ:** حافظ محمد نوید (متعلم مدرسہ معمورہ ملتان) کے نانا محترم علی محمد ۲۵ مئی ۲۰۰۱ء بروز جمعۃ المبارک انتقال کر گئے۔

**محمد تحسین صدیقی و محمد تسلیم صدیقی کو صدمہ:** محترم محمد تحسین صدیقی (صادق آباد) اور محمد تسلیم صدیقی (وزیر آباد) کی ہمشیرہ ۳ مئی کو ۲۰۰۱ء بروز جمعرات چیچہ وطنی میں انتقال فرما گئیں۔

**شیخ عبدالخالق کو صدمہ:** فدائے احرار شیخ اللہ رکھا مرحوم کی پوتی اور شیخ عبدالخالق کی بیٹی ۵ مئی ۲۰۰۱ بروز ہفتہ لاہور میں انتقال فرما گئیں۔

**مولوی محمد جمیل صاحب کو صدمہ:** مولوی محمد جمیل صاحب (چیچہ وطنی) کی والدہ ۷ مئی ۲۰۰۱ء بروز پیر انتقال فرما گئیں۔

مجلس احرار اسلام کے مرکزی امیر، حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری، تمام مرکزی قائدین اور ادارہ نقیب ختم نبوت کے تمام اراکین، مرحومین کیلئے دعاء مغفرت کرتے ہیں اور پسماندگان سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے ان کے لئے صبر کی دعا کرتے ہیں۔ قارئین سے بھی درخواست ہے کہ وہ اپنی خصوصی دعاؤں میں ان حضرات کو یاد رکھیں اور ایصالِ ثواب کا اہتمام فرمائیں (ادارہ)

## دعاءِ صحت

مجلس احرار اسلام کے قدیم کارکن اور حضرت امیر شریعت کے دیرینہ فدا کار محترم حفیظ رضا پسروری اور ان کی اہلیہ محترمہ (مقیم لاہور) طویل عرصہ سے شدید علیل ہیں۔

☆ مجلس احرار اسلام کے مرکزی نائب صدر محترم چودھری ثناء اللہ بھٹہ صاحب کی صحت اب قدرے بہتر ہے مگر مکمل افاقہ نہیں۔

☆ مجلس احرار اسلام سیالکوٹ کے سالار جناب عبدالعزیز صاحب گزشتہ چند برسوں سے صاحب فراش ہیں۔ احباب و قارئین سے ان تمام حضرات کی مکمل صحت یابی کیلئے دعا کی درخواست ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں شفائے کاملہ عطا فرمائے۔ آمین (ادارہ)

© rasailojaraid.com